Language Code : **20**

इस पुस्तिका में **20** मुद्रित पृष्ठ हैं।
This booklet contains **20** Printed pages.

# JSS-24-I

**प्रश्न-पत्र-I / PAPER-I**

**उर्दू भाषा परिशिष्ट**

**Urdu Language Supplement**

**भाग-IV & V / PART-IV & V**

**मुख्य परीक्षा पुस्तिका संख्या / Main Test Booklet No.**

**मुख्य परीक्षा पुस्तिका कोड / Main Test Booklet Code**

# A

**इस परीक्षा पुस्तिका को तब तक न खोलें जब तक कहा न जाए।**
**Do not open this Test Booklet until you are asked to do so.**
**इस परीक्षा पुस्तिका के पिछले आवरण (पृष्ठ 19 व 20) पर दिए निर्देशों को ध्यान से पढ़ें।**
**Read carefully the Instructions on the Back Cover (Page 19 & 20) of this Test Booklet.**

**उर्दू में निर्देशों के लिए इस पुस्तिका का पृष्ठ 2 देखें। / FOR INSTRUCTIONS IN URDU SEE PAGE 2 OF THIS BOOKLET.**

## परीक्षार्थियों के लिए निर्देश

1. यह पुस्तिका मुख्य परीक्षा पुस्तिका की एक परिशिष्ट है, उन परीक्षार्थियों के लिए जो **या** तो भाग IV (भाषा I) **या** भाग V (भाषा II) **उर्दू** भाषा में देना चाहते हैं, लेकिन **दोनों नहीं**।
2. परीक्षार्थी भाग I एवं भाग II **या** III के उत्तर मुख्य परीक्षा पुस्तिका से दें और भाग IV व V के उत्तर उनके द्वारा चुनी भाषाओं से।
3. अंग्रेज़ी व हिन्दी भाषा पर प्रश्न मुख्य परीक्षा पुस्तिका में भाग IV व भाग V के अन्तर्गत दिए गए हैं। भाषा परिशिष्टों को आप अलग से माँग सकते हैं।
4. इस पृष्ठ पर विवरण अंकित करने एवं उत्तर पत्र पर निशान लगाने के लिए **केवल काले/नीले बॉल पॉइंट पेन** का प्रयोग करें।
5. इस भाषा पुस्तिका का **संकेत** है **A**। यह सुनिश्चित कर लें कि इस भाषा परिशिष्ट पुस्तिका का संकेत, उत्तर पत्र के **पृष्ठ-2** एवं मुख्य परीक्षा पुस्तिका पर छपे संकेत से मिलता है। अगर यह भिन्न हो, तो परीक्षार्थी दूसरी भाषा परिशिष्ट परीक्षा पुस्तिका लेने के लिए निरीक्षक को तुरन्त अवगत कराएँ।
6. इस परीक्षा पुस्तिका में **दो** भाग IV और V हैं, जिनमें **60** वस्तुनिष्ठ प्रश्न हैं, जो प्रत्येक 1 अंक का है :

   भाग-IV : भाषा-I (उर्दू) (प्र. 91 से प्र. 120)
   भाग-V : भाषा-II (उर्दू) (प्र. 121 से प्र. 150)
7. भाग-IV में भाषा-I के लिए 30 प्रश्न और भाग-V में भाषा-II के लिए 30 प्रश्न दिए गए हैं। इस परीक्षा पुस्तिका में केवल उर्दू भाषा से संबंधित प्रश्न दिए गए हैं। **यदि भाषा-I और/या भाषा-II में आपके द्वारा चुनी गई भाषा(एँ) उर्दू के अलावा है तो कृपया उस भाषा वाली परीक्षा पुस्तिका माँग लीजिए। जिन भाषाओं के प्रश्नों के उत्तर आप दे रहे हैं वह आवेदन पत्र में चुनी गई भाषाओं से अवश्य मेल खानी चाहिए।**
8. **परीक्षार्थी भाग-V (भाषा-II) के लिए, भाषा सूची से ऐसी भाषा चुनें जो उनके द्वारा भाषा-I (भाग-IV) में चुनी गई भाषा से भिन्न हो।**
9. रफ कार्य परीक्षा पुस्तिका में इस प्रयोजन के लिए दी गई खाली जगह पर ही करें।
10. सभी उत्तर केवल OMR उत्तर पत्र पर ही अंकित करें। अपने उत्तर ध्यानपूर्वक अंकित करें। उत्तर बदलने हेतु श्वेत रंजक का प्रयोग निषिद्ध है।

## INSTRUCTIONS FOR CANDIDATES

1. This booklet is a supplement to the Main Test Booklet for those candidates who wish to answer **EITHER** Part IV (Language I) **OR** Part V (Language II) in **URDU** language, but **NOT BOTH**.
2. Candidates are required to answer Part I and Part II **OR** III from the Main Test Booklet and Parts IV and V from the languages chosen by them.
3. Questions on English and Hindi languages for Part IV and Part V have been given in the Main Test Booklet. Language Supplements can be asked for separately.
4. Use **Black/Blue Ball Point Pen only** for writing particulars on this page/marking responses in the Answer Sheet.
5. The CODE for this Language Booklet is **A**. Make sure that the CODE printed on **Side-2** of the Answer Sheet and on your Main Test Booklet is the same as that on this Language Supplement Test Booklet. In case of discrepancy, the candidate should immediately report the matter to the Invigilator for replacement of the Language Supplement Test Booklet.
6. This Test Booklet has **two** Parts, IV and V, consisting of **60** Objective Type Questions, each carrying 1 mark :

   Part-IV : Language-I (Urdu) (Q. 91 to Q. 120)
   Part-V : Language-II (Urdu) (Q. 121 to Q. 150)
7. Part-IV contains 30 questions for Language-I and Part-V contains 30 questions for Language-II. In this Test Booklet, only questions pertaining to Urdu language have been given. **In case the language/s you have opted for as Language-I and/or Language-II is a Language other than Urdu, please ask for a Test Booklet that contains questions on that language. The language being answered must tally with the languages opted for in your Application Form.**
8. **Candidates are required to attempt questions in Part-V (Language-II) in a language other than the one chosen as Language-I (in Part-IV) from the list of languages.**
9. Rough work should be done only in the space provided in the Test Booklet for the same.
10. The answers are to be recorded on the OMR Answer Sheet only. Mark your responses carefully. No whitener is allowed for changing answers.

परीक्षार्थी का नाम (बड़े अक्षरों में) : ______
Name of the Candidate (in Capitals) :

अनुक्रमांक : (अंकों में) / Roll Number : in figures ______
: शब्दों में / in words ______

परीक्षा केन्द्र (बड़े अक्षरों में) : ______
Centre of Examination (in Capitals) :

परीक्षार्थी के हस्ताक्षर : ______
Candidate's Signature :

निरीक्षक के हस्ताक्षर : ______
Invigilator's Signature :

Facsimile Signature Stamp of
Centre Superintendent : ______

امتحان سوالنامہ کوڈ

**A**

# JSS-24-I

Language Code : **20**

پرچہ-I

## ضمیمہ اُردو زبان

اس کتابچہ میں 20 صفحات ہیں

حصّہ IV، V

اس سوال نامے کو اُس وقت تک نہ کھولیں جب تک کہا نہ جائے۔

سوال نامے کی پشت 19، 20 پر دی گئی ہدایات کو غور سے پڑھیں۔

**امیدواروں کے لیے ہدایات :**

1. یہ کتابچہ ان امیدواروں کے لیے بنیادی سوال نامے کا ضمیمہ ہے جو اُردو زبان کے حصّہ IV (زبان I) یا حصّہ V (زبان II) میں جواب دینا چاہتے ہیں۔ **مگر دونوں میں نہیں۔**
2. امیدواروں کو بنیادی سوال نامے کے حصّہ I، II، III کے جواب بنیادی سوال نامے سے دیں اور حصّہ IV، V کے جوابات زبانوں میں لکھنے ہوں گے جن کا انھوں نے انتخاب کیا ہے۔
3. حصّہ IV اور V میں ہندی اور انگریزی زبانوں کے سوالات بنیادی سوال نامے میں دیے گئے ہیں۔ زبان کے ضمیمے کو الگ سے مانگا جاسکتا ہے۔
4. اس صفحے پر جواب لکھنے / کوائف لکھنے کے لیے **صرف کالے/نیلے بال پین** کا ہی استعمال کریں۔
5. اس سوال نامے کا کوڈ **A** ہے۔ جواب نامے کے دوسری جانب دیا گیا کوڈ اور آپ کے بنیادی سوال نامے کا کوڈ ایک ہی ہونا چاہیے، جیسا زبان کے صفحے 2 پر ہے۔ اگر اُس میں کہیں کوئی فرق ہے تو اُمّید وار کو فوراً نگراں کو اطلاع دے کر اس سے زبان کے سوال نامے کا دوسرا ضمیمہ طلب کرنا ہوگا۔
6. اس سوال نامے کے دو حصّے ہیں، IV اور V جو **60** معروضی سوالات پر مشتمل ہیں۔ ہر سوال کا **ایک (1)** نمبر ہے۔
   حصّہ IV زبان I اُردو (سوال نمبر 91 تا 120)
   حصّہ V زبان II اُردو (سوال نمبر 121 تا 150)
7. حصّہ IV زبان I کے 30 سوال اور حصّہ V زبان II کے 30 سوال ہیں۔ اس سوال نامے میں صرف اُردو کے سوالات ہیں۔ **اگر آپ نے اس زبان/زبانوں کو زبان I اور/ یا زبان II کی حیثیت سے انتخاب کیا ہے جو اُردو زبان نہیں ہے تو اسی زبان کا سوال نامہ طلب کیجیے۔ آپ کے جواب اسی زبان میں ہونے چاہئیں جسے آپ نے اپنی درخواست میں انتخاب کیا ہے۔**
8. **امیدواروں نے زبان I (حصّہ IV) کی حیثیت سے جس زبان کا انتخاب کیا ہے حصّہ V (زبان II) کے جواب انھیں اس کے علاوہ فہرستِ زبان میں سے دی گئی زبانوں میں سے کسی میں دینے ہوں گے۔**
9. امیدوار کو کچّا کام امتحان کے سوال نامے میں دی گئی خالی جگہ میں ہی کرنا ہوگا۔
10. جوابات کا اندراج صرف OMR جواب نامے پر ہی کرنا ہوگا۔ جوابی نشانات احتیاط سے لگائیں۔ سفیدے کے استعمال کی اجازت نہیں ہے۔

امیدوار کا نام : (جلی حروف میں) ____________________

رول نمبر : اعداد میں ____________________

: الفاظ میں ____________________

امتحان کا مرکز : (جلی حروف میں) ____________________

امیدوار کے دستخط : ____________________ نگراں کے دستخط ____________________

سینٹر سپرنٹنڈنٹ کے دستخط کی مہر ____________________

اُمّید وار سوالوں کے جواب حصّہ-IV (سوال نمبر 91 تا 120)
صرف تب ہی دیں اگر انھوں نے زبان-I کا اوپشن اُردو چنا ہو۔

Candidates should attempt the questions from **Part-IV (Q.No. 91-120)**, if they have opted **URDU** as **Language-I** only.

## PART-IV

## LANGUAGE-I

## URDU

اُمّید وارسوالوں کے جواب حصّہ-IV (سوال نمبر91 تا 120) صرف تب ہی دیں اگر انھوں نے زبان-I کا اوپشن اُردو چنا ہو۔

**ہدایات : نیچے دی ہوئی عبارت کو پڑھیے اور دیے گئے متبادل میں سے کسی ایک مناسب ترین متبادل کا انتخاب کیجئے۔ (سوال نمبر 91 تا 99)**

سائنس نے جمہوریت کی حس کو مضبوط کیا ہے۔ کیونکہ سائنس کا عمل سلسلہ وار ہوتا ہے جس کی وجہ سے سائنس دانوں کی ایک عالمی برادری قائم ہو جاتی ہے آج کی معاشرت میں جو صفائی، خوب صورتی اور تندرستی نظر آتی ہے اس کا سہرا سائنس کے سر ہے کیونکہ سائنس ہی نے بیماریوں اور قحط سالی کے مقابلے کے لیے کئی طور طریقے وضع کیے ہیں۔ ایک حد تک زیادہ پیداوار حاصل کرتے ہوئے قحط سالی کو روکا بھی ہے۔ نقل وحمل کے نئے نئے طریقے بتائے ہیں۔ وقت اور فاصلے کے مسئلے کو ختم کر دیا ہے۔ صنعت وحرفت میں سائنس کی بدولت بڑی ترقی ہوئی ہے۔ دوسرے ممالک میں سامان فروخت کرنے کے لیے خوشنما اور خوبصورت معیار کا لحاظ رکھا جاتا ہے تا کہ عالمی منڈی میں اس سامان کو پسند کیا جائے۔

**91.** سائنس کی بدولت کس میں بڑی ترقی ہوئی ہے ؟

(1) صنعت وحرفت میں (2) کھیتی باڑی میں (3) مچھلی پالن میں (4) نیوکلیائی طاقت میں

**92.** سائنس کا عمل کیسا ہوتا ہے ؟

(1) سست رفتار ہوتا ہے (2) سلسلہ وار ہوتا ہے (3) کبھی کبھی ہوتا ہے (4) رک رک کر ہوتا ہے

**93.** طریقے کی جمع ہے ؟

(1) طریقوں (2) طرائقوں (3) طریقین (4) طرائقان

**94.** خوب صورتی کا متضاد ہے ؟

(1) بدنمائی (2) بدصورتی (3) خوش نمائی (4) دلکشی

**95.** دوسرے ممالک میں سامان فروخت کرنے کے لیے کس معیار کا لحاظ رکھا جاتا ہے ؟

(1) خوشنما اور خوب صورت معیار کا (2) سامان کی پیش کش کا

(3) سامان کی کوالٹی کا (4) سامان کی مضبوطی کا

**.96** سائنس نے کس کے نئے نئے طریقے بتائے ہیں ؟

(1) مال برداری کے (2) نقل وحمل کے (3) خرید وفروخت کے (4) آمدورفت کے

**.97** سائنس نے پیداوار حاصل کرتے ہوئے کس کو روکا ہے ؟

(1) خشک سالی کو (2) قحط سالی کو (3) زمین کے کٹاؤ کو (4) جانوروں کا شکار کرنے کو

**.98** سائنس نے کس حِس کو مضبوط کیا ہے ؟

(1) جمہوریت کی (2) انسان کی (3) تاناشاہی کی (4) قانون کی

**.99** سلسلے وار عمل کی وجہ سے کس کی عالمی برادری قائم ہوجاتی ہے ؟

(1) حساب دانوں کی (2) قانون دانوں کی (3) سائنس دانوں کی (4) قدردانوں کی

**ہدایات :** **نیچے دیے ہوئے شعری حصّے کو پڑھیے اور دیے گئے متبادل میں سے کسی ایک مناسب ترین متبادل کا انتخاب کیجئے۔ (سوال نمبر 100 تا 105)**

جگنو کی روشنی ہے کاشانۂ چمن میں
یا شمع جل رہی ہے پھولوں کی انجمن میں

آیا ہے آسماں سے اُڑکر کوئی ستارا
یا جان پڑ گئی ہے مہتاب کی کرن میں

یا شب کی سلطنت میں دن کا سفیر آیا
غربت میں آکے چمکا گمنام تھا وطن میں

تکمہ کوئی گرا ہے مہتاب کی قبا کا
ذرّہ ہے یا نمایاں سورج کے پیرہن میں

پروانہ ایک پتنگا، جگنو بھی اک پتنگا
وہ روشنی کا طالب، یہ روشنی سراپا

.100 شاعر نے پروانے کو کس کا طالب بتایا ہے ؟

(1) روشنی کا طالب (2) اندھیرے کا طالب (3) اُجالے کا طالب (4) سفیدی کا طالب

.101 دوسرے شعر میں شاعر نے جگنو کو کیا کہا ہے ؟

(1) کوئی پرندہ آسماں سے آ گیا ہے

(2) کوئی ستارا آسمان سے اڑ کر آ گیا ہے

(3) کوئی خوب صورت پھول اڑ کر آ گیا ہے

(4) کوئی پتّا اڑ کر آ گیا ہے

.102 سفیر کی جمع ہے ؟

(1) سفیروں (2) سفائروں (3) اسفارات (4) اسفاراتین

.103 شاعر کے نزدیک جگنو کی روشنی کا شانۂ چمن میں کیسی معلوم ہو رہی ہے ؟

(1) پھولوں کی انجمن میں جیسے شمع جل رہی ہو (2) بہت خوب صورت لگ رہی ہے

(3) بہت ہی خوشنما لگ رہی ہے (4) ایک قمقمے کی طرح لگ رہی ہے

.104 شاعر نے جگنو کو شب کی سلطنت میں کون سا سفیر بتایا ہے ؟

(1) امن کا سفیر (2) محبت کا سفیر (3) دن کا سفیر (4) خوشی کا سفیر

.105 تکمہ کوئی ___________ ہے مہتاب کی قبا کا۔ ذیل میں دیے گئے لفظوں میں سے صحیح لفظ بھریے :

(1) سجا (2) گرا (3) لگا (4) بنا

**.106** ایک بچّہ خود سے حتی کہ موضوع پر اجتماعی غور وخوض کے بعد بھی ایک اقتباس بھی نہیں لکھتا ہے، تاہم بڑوں اور دوستوں رہم جولیوں کی رہنمائی میں وہ اس طرح کے اقتباس لکھنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ اس طرح کی رہنمائی کو کیا کہا جاتا ہے ؟

(1) تعاون
(2) ہم جولیوں کے ذریعہ تدریس
(3) ہم جولیوں کے ذریعے کونسلنگ
(4) ٹیم میں تدریس

**.107** __________ آموزش کی ایک قسم میں جب بچے کو اپنی اعلا ذہنی صلاحیتوں جیسے ذہانت اور متعلق واستدلال کو بروئے کار لانا پڑتا ہے

(1) لفظی آموزش
(2) تصور کی آموزش
(3) حرکی مہارتوں کی آموزش
(4) ساخت کی آموزش

**.108** ایک استاد کی حیثیت سے بچے کی ''مجموعی طور پر زبان کے استعمال'' کو سراہتے ہیں گرچہ بعض الفاظ کا تلفظ اس نے غلط کیا ہے آپ اپنی کلاس میں ________ طریقے کو اپنا رہے ہیں۔

(1) کل زبان کے
(2) ترسیلی
(3) تعمیریت پسند
(4) ساختیاتی

**.109** آپ ہندی بولنے والے استاد ہیں لیکن آپ کو پوسٹنگ / تعیناتی پنجاب کے ایک پرائمری اسکول میں ہوجاتی ہے۔ چونکہ آپ اس خطہ کی مقامی زبان نہیں جانتے ہیں تو اب آپ کیا کریں گے ؟

(1) جلد از جلد ہندی بولے جانے والے علاقوں میں تبادلے کے لیے درخواست دوں گا
(2) بچوں کی زبان کو ایک ماخذ کے طور پر لوں گا اور تدریس شروع کروں گا
(3) انگریزی میں بات چیت کروں گا
(4) پوری برادری کو ہندی سیکھنے پر آمادہ کروں گا

**.110** کسی متن سے مخصوص معلومات کے حصول کے لیے متن کو بغور پڑھنے کی مہارت __________ تفہیم متن ہے

(1) عالمی
(2) مقامی
(3) استنباطی
(4) تعین قدروالی

**111.** زبان کی آموزش میں تشخیصی جانچ کا کیا مقصد ہوتا ہے ؟

(1) تکمیلی انداز، قدر کے لیے سوالات بتانا اور منصوبہ بنانا

(2) پی ٹی ایم (PTM) میں والدین کو مطلع کرنا اور ان سے توجہ دینے کے لیے کہنا

(3) آموزگاروں کے تفہیمی خلا کو جاننا اور معاونتی اقدام کرنا

(4) طلبا کے پروگریس رپورٹ (progress report) میں اپنی یافتوں کو درج کرنا

**112.** درسی کتاب کے بارے میں درج ذیل میں سے کون سا بیان درست ہے ؟

(1) درسی کتاب استاد اور طالب علم دونوں کے لیے آخری چیز ہے

(2) یہ درسیات میں بیان کردہ مقاصد کے حصول میں معاون ہوتا ہے

(3) یہ سیشن کے لیے تعلیمی سرگرمیوں کی منصوبہ بندی ہے

(4) درسی کتاب کی جگہ کوئی نہیں لے سکتا ہے

**113.** درج ذیل میں سے کلاس روم کی کون سے مشق طلبا کی بولی جانے والی زبان کی ترقی میں استاد کی مدد کرتی ہے؟

(1) استاد کے ساتھ متن کو رہنمائی طور پر پڑھنا

(2) زبانی یاد کرنے کے بعد نظم کی اجتماعی قرأت

(3) رول پلے میں شرکت

(4) نئے اور نامانوس الفاظ کے درست تلفظ کی مشق

**114.** جب ہم کہتے ہیں کہ ''زبان من مانا'' ہوتی ہے۔تو ہمارا مقصد کیا ہوتا ہے۔

(1) کسی زبان کے لفظ اور اس کے معنی میں موروثی رشتہ ہوتا ہے

(2) الفاظ اور معنی کے درمیان باہمی رشتہ واضح بنیادوں پر ہوتا ہے یہ اتفاقیہ نہیں ہوتا ہے

(3) کسی زبان کے الفاظ اور اس کے معنی کے درمیان موروثی رشتہ نہیں ہوتا ہے

(4) زبان پہلے سے متعینہ اصولوں کی اتباع کرتی ہے

115. قواعد کی تدریس کا استخراجی طریقہ وکالت کرتا ہے کہ ہمیں پہلے __________ چاہئے۔

(1) مثال پیش کرنی (2) اصول پیش کرنا (3) مناسب ترسیل ہونی (4) عملی مشق ہونا

116. __________ حقائق سے پرے تخمینے اور قیاس کا ایک طریقہ ہے

(1) وضاحت (2) تجزیہ (3) استنباط (4) ارتشاح

117. زبان کے استاد کو آموزگاروں کی آزادانہ طور پر لکھنے میں مدد کرنی چاہئے۔ کیوں کہ آزادانہ طور پر لکھنے کا بنیادی فائدہ یہ ہے کہ

(1) روانی اور تخلیق انداز ے لکھنے میں طلبا کی حوصلہ افزائی کرتا ہے

(2) لکھنے اور نہ لکھنے کی آزادی ہوتی ہے

(3) وہ لکھنے اور قطعیت کے ساتھ لکھنے پر مجبور نہیں ہوتے ہیں

(4) اپنی پہلی زبان کے خصائص کو تحریری زبان میں شامل کرسکتے ہیں

118. پانچویں جماعت کے استاد کی حیثیت سے آپ نے طلبا سے متن کو بغور پڑھنے کے لیے کہا۔ پھر سیاق کے حوالے سے سوالات کے جوابات پوچھے۔ اس طرح آپ طلبا کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔

(1) توسیعی مطالعے کی (2) غائر مطالعے کی (3) سرسری مطالعے کی (4) بغور مطالعے کی

119. زبان کا اکتساب اس وقت ہوتا ہے جب

(1) بچے کو قواعد کی تعلیم دی جائے (2) بچے کو ترجمے کی مشق کرائی جائے

(3) بچے کو پڑھنے کا موقعہ دیا جائے (4) بچے کو زبان سے روبرو ہونے کا موقعہ ملے

120. کلاس روم میں مادری زبان کو الگ کرنا __________ طریقے کے خصوصیت ہے

(1) فطری (2) ذولسانی (3) سمعی۔لسانی (4) راست

**اُمّید وار سوالوں کے جواب حصّہ-V (سوال نمبر 121 تا 150)**
**صرف تب ہی دیں اگر انھوں نے زبان-II کا اوپشن اُردو چنا ہو۔**

Candidates should attempt the questions from **Part-V (Q.No. 121-150)**, if they have opted **URDU** as **Language-II** only.

**PART-V**

**LANGUAGE-II**

**URDU**

| |
|---|
| اُمّید وارسوالوں کے جواب حصّہ-V (سوال نمبر121 تا 150) صرف تب ہی دیں اگر انھوں نے زبان-II کا اوپشن اُردو چنا ہو۔ |

**ہدایات :** نیچے دی ہوئی عبارت کو پڑھیے اور دیے گئے متبادل میں سے کسی ایک مناسب ترین متبادل کا انتخاب کیجیے۔ (سوال نمبر 121 تا 128)

چوٹی کو سر کرنے کے لیے جانے والی دوسری ٹیم کی واحد خاتون ممبر ہونے کا شرف میرے حصّے میں آیا۔ میں صبح سویرے چار بجے اٹھ بیٹھی۔ کچھ برف پگھلائی اور چائے تیار کی۔ اور بڑا ہلکا پھلکا ناشتہ کیا۔ سردی بہت شدید تھی۔ میں کوہ پیمائی کے لباس میں البتہ اپنے آپ کو گرم اور محفوظ محسوس کر رہی تھی۔ ہم رسّہ باندھے بغیر چڑھ رہے تھے۔ جمی ہوئی برف سے ڈھکی کھڑی ڈھلانیں شیشے کی چادر کی طرح ٹھوس تھیں۔ جنوبی چوٹی پر پہنچنے کے بعد ہوا تیز ہوگئی تھی۔ سلسلہ کوہ چاقو کی دھار جیسا تھا۔

**121.** برف سے ڈھکی کھڑی ڈھلانیں کس کی طرح ٹھوس تھیں ؟

(1) پتھر کی طرح ٹھوس تھیں

(2) لوہے کی چادر کی طرح

(3) المونیم کی چادر کی طرح

(4) شیشے کی چادر کی طرح

**122.** مصنفّہ نے کیا پگھلا کر چائے تیار کی ؟

(1) دودھ پگھلا کر چائے تیار کی

(2) برف پگھلا کر چائے تیار کی

(3) اسٹوو جلا کر تیار کی

(4) لکڑیاں جلا کر تیار کی

**123.** ہلکا کا متضاد ہے ؟

(1) زیادہ

(2) بھاری

(3) کم

(4) تھوڑا

124. مصنفّہ کو چوٹی کو سر کرنے والی کون سی خاتون ممبر ہونے کا شرف حاصل ہوا ؟

(1) دوسری ٹیم کی واحد خاتون ہونے کا
(2) پہلی ٹیم کی تیسری خاتون ہونے کا
(3) ٹیم کی سب سے اچھی خاتون ہونے کا
(4) ٹیم کی بہادر خاتون ہونے کا

125. چاقو کی دھار جیسا کیا تھا ؟

(1) برف کی چٹانیں
(2) سلسلۂ کوہ
(3) برف کے تودے
(4) برف کے پہاڑ

126. جنوبی چوٹی پر پہنچنے کے بعد کیا ہوا ؟

(1) ہوا تیز ہوگئی
(2) برف کا طوفان آ گیا
(3) آندھی آ گئی
(4) ہوا اچانک رک گئی

127. مصنفّہ کس لباس میں گرم اور محفوظ محسوس کر رہی تھی ؟

(1) اونی لباس میں
(2) روئی کے لباس میں
(3) کوہ پیمائی کے لباس میں
(4) ربڑ کے لباس میں

128. خاتون کی جمع ہے ؟

(1) خواتین
(2) خواتان
(3) خواتانیات
(4) خواتاتین

**ہدایات : نیچے دی ہوئی عبارت کو پڑھیے اور دیے گئے متبادل میں سے کسی ایک مناسب ترین متبادل کا انتخاب کیجیے۔ (سوال نمبر 129 تا 135)**

سوم دت نے جوَ کے دانوں کو خوب پیس لیا۔اس کے بعد ایک گھڑے میں پانی بھر کر ایک چوراہے پر جا بیٹھا۔وہاں اس نے لکڑ ہاروں کو جنگل سے لکڑیاں لاتے ہوئے دیکھا۔وہ بہت تھکے ہوئے تھے۔سوم دت نے انھیں پسا ہوا جو اور پانی دیا۔لکڑ ہارے بہت خوش ہوئے۔ ہر ایک نے دو دو لکڑیاں دیں۔سوم دت نے یہ لکڑیاں بازار میں بیچ دیں۔ان کے بیچنے پر جو پیسے ملے ان سے کچھ اور جو خریدا۔ دوسرے دن پھر وہ چوراہے پر جا کر بیٹھ گیا۔

129. بیچنا کا متضاد ہے ؟

(1) خریدنا
(2) فروخت کرنا
(3) پالینا
(4) حاصل کرنا

.130 سوم دت گھڑے میں پانی بھر کر کہاں جابیٹھا ؟

(1) ایک چوراہے پر (2) ایک دکان کے پاس (3) ایک چبوترے پر (4) ایک گلی میں

.131 لکڑہاروں نے سوم دت کو کیا دیا ؟

(1) جڑی بوٹیاں (2) روپے (3) لکڑیاں (4) سکّے

.132 سوم دت نے تھکے ہوئے لکڑہاروں کو کیا دیا ؟

(1) انھیں پیا ہوا چنا دیا (2) انھیں پیا ہوا جَو اور پانی دیا (3) انھیں پیا ہوا گُڑ دیا (4) انھیں پیا ہوا ستّو دیا

.133 سوم دت نے لکڑیاں بیچ کر کیا خریدا ؟

(1) کچھ گھر کا سامان خریدا (2) کچھ پھل خریدے (3) کچھ سبزیاں خریدیں (4) کچھ اور جَو خریدا

.134 سوم دت نے جنگل سے کس کو آتے دیکھا ؟

(1) مویشیوں کو (2) چرواہوں کو (3) لکڑہاروں کو (4) بوڑھے لوگوں کو

.135 چوراہے کی جمع ہے ؟

(1) چوراہوں (2) چوراہاں (3) چورانیاں (4) چوراہانات

**136.** لسانی مہارت آموزگاروں کو اس قابل بتاتی ہے کہ

(1) صحیح اور غلط جملوں میں قواعد کے اعتبار سے فرق کر سکیں

(2) روانی سے بول سکیں گرچہ قواعد کے اعتبار سے غلط ہو

(3) زبان کو صحیح طور پر برتنے کے مقام و وقت کو جان سکیں

(4) زیادہ سے زیادہ انگریزی کا استعمال کر سکیں

**137.** پرائمری سطح پر استاد آموزگاروں کو عام طور سے رنگنے اور ڈرائنگ کے لیے آمادہ کرتا ہے کیوں کہ یہ معاون ہوتا ہے۔

(1) کلاس میں خاموشی برقرار رکھنے کے لیے آموزگاروں کو مصروف رکھنے میں

(2) لطیف حرکی مہارتوں کے فروغ میں

(3) آموزگاروں کی لطف اندوزی میں

(4) استاد کو پڑھانے سے آرام دینے میں

**138.** بچے زبان بہت ہی موثر انداز میں سیکھتے ہیں جب ____________۔

(1) ماہر زبان کے استاد کے پاس ہوتے ہیں

(2) اچھی درسی کتاب ہوتی ہے

(3) بندش اور امتناع

(4) ترغیب

**139.** استاد اپنے کلاس روم میں گروپ ڈسکشن اور ہم جویوں کے تعامل کو فروغ دیتا ہے لیکن تلفظ اور ہجے کی غلطیوں کو صحیح کرنے پر دھیان نہیں دیتا ہے۔ وہ اپنے کلاس میں ________ طریقے کو برت رہا ہے۔

(1) روایتی (2) اصطفائیت (3) ساختیاتی (4) تعمیریت پسند

**140.** بطور استاد آپ دیکھتے ہیں کہ سبق میں جو زبان استعمال کی گئی ہے وہ آپ کے طلبا کے لیے کافی مشکل ہے۔ آپ زبان کو آسان بنا دیتے ہیں اور اپنے طلبا کو مدنظر رکھتے ہوئے مواد میں بھی کچھ تبدیلی کر دیتے ہیں۔ آپ نے جو کیا ہے اسے کیا کہتے ہیں۔

(1) اپنانا (2) تطابق پیدا کرنا (3) تعین قدر (4) نظر ثانی

**141.** آج ابراہیم بہت خوش ہے کیوں کہ وہ اسکول جا رہا ہے۔ وہ اسکول جانے والا اپنے خاندان کا پہلا بچہ ہے اس کے خاندان کا کوئی بھی شخص حتی کہ اس کے والدین نے بھی کبھی اسکول میں داخلہ نہیں لیا۔

اس سے ابراہیم ________ کا آموزگار ہے۔

(1) پہلی نسل (2) دوسری نسل (3) حاشیہ پر پہنچے ہوئے (4) اقلیت

**142.** آپ نے کلاس میں جا کر دیکھا کہ درسی کتاب نظموں اور تصویری کہانیوں سے شروع ہو رہی ہے اور حروف تہجی پر ختم ہو رہی ہے۔ زبان کی تدریس میں یہ ترتیب کس طریقے کی غماز ہے ؟

(1) نیچے سے اوپر کا طریقہ (2) اوپر سے نیچے کا طریقہ (3) اصطفاتی طریقہ (4) جمالیاتی طریقہ

**143.** جب زبان فطری انداز میں بغیر کسی منظم مشق کے سیکھی جاتی ہے تو اسے ________ کہتے ہیں۔

(1) علمی فضیلت (2) اکتساب (3) قبولیت (4) آموزش

.144 __________ کی ایک اہم خصوصیت یہ ہے کہ طلبا مسائل کو اجتماعی طور پر جوڑوں یا گروپ میں حل کر لیتے ہیں

(1) ترسیلی زبان کی تدریس (2) کرداریت پسند طریقہ (3) کل زبان کا طریقہ (4) ساختیاتی طریقہ

.145 ''آلودگی'' کے موضوع پر سبق کا منصوبہ بناتے ہوئے آپ کا پہلا قدم کیا ہوگا ؟

(1) تعارفی سوالات تیار کرنا (2) موضوع کو بار بار پڑھنا

(3) تدریس کی امدادی اشیاء کا انتخاب کرنا (4) مقاصد کا تعین

.146 استاد اپنے طلبا سے ''پانی'' پر ایک اقتباس لکھنے کے لیے کہتا ہے۔ ہر طلبا آپس میں باتیں کرنے لگتے ہیں کہ سائنس اور سماجی علوم کی کلاس میں اس حوالے سے کیا پڑھایا گیا تھا۔ پھر وہ ''پانی'' پر اقتباس لکھنا شروع کرتے ہیں یہ __________ ایک مثال ہے۔

(1) مستعمل زبان کی (2) سائنس کی زبان کی

(3) درسیات سے ماورا زبان کی (4) ترسیلی طریقہ

.147 آپ کی پیدائش اور پرورش ایسے گاؤں میں ہوئی ہے جہاں سب لوگ ہندی بولتے ہیں اور آپ بھی اسکول گئے بغیر ہندی کا استعمال کرنے لگتے ہیں، اور جب آپ بعد میں اسکول جاتے ہیں تو اردو، انگریزی ہندی سنسکرت میں پڑھتے ہیں۔ اب آپ انگریزی بڑی روانی سے بولتے ہیں۔ اب آپ کی پہلی زبان کیا ہوگی ۔

(1) انگریزی (2) ہندی (3) اردو (4) سنسکرت

.148 استاد اپنی کلاس میں چھاتا، برتن، بیلن اور دوسری حقیقی چیزیں لاتا ہے۔ اور طلبا سے ان چیزوں کی وضاحت دو یا تین جملوں میں کرنے کے لیے کہتا ہے۔ استاد جن چیزوں کو کلاس میں لے کر کرتا ہے انھیں تکنیکی طور پر کیا کہا جاتا ہے ؟

(1) زبان کے مواد (2) تدریسی آلات (3) آلات (4) ریلیا

**149.** افعال کی تدریس کے لیے آپ اپنے کلاس میں دو تصویروں کا استعمال کرتے ہیں ایک تصویر پندرہ سال پرانی ہے اور ایک ابھی فوراً آپ نے کھینچی ہے۔ آپ کلاس میں اس کے ماضی اور حال شکل وصورت، اخلاق و عادات کے بارے میں بات چیت شروع کرتے ہیں۔ اب آپ استعمال کرتے ہیں۔

(1) مروجہ قواعد (2) ساختیاتی قواعد (3) تدریسیاتی قواعد (4) اصول پر مبنی قواعد

**150.** کسی خاص کلاس یا کورس کے اختتام پر طلبا کی حاصل کردہ معلومات مہارت اور رویے کو بیان کرنے والے بیانات __________ کے تحت آتے ہیں۔

(1) تدریسی ماحصل (2) آموزشی ماحصل (3) عددشناسی کے ماحصل (4) بنیادی خواندگی کے ماحصل

- o O o -

SPACE FOR ROUGH WORK

نیچے لکھی ہدایات کو غور سے پڑھیے :

1. مختلف سوالات کے جوابات دینے کی ترتیب کو واضح طور پر ٹیسٹ بک لیٹ میں دیا گیا ہے۔ آپ سوالوں کا جواب دینے سے قبل اس کو دھیان سے پڑھ لیں۔

2. ہر سوال کے جواب میں دیے گئے چار متبادلوں میں سے درست جواب کے دائرے کو کالے / نیلے بال پوائنٹ پین سے OMR جوابی شیٹ کی دوسری جانب پوری طرح گہرا کر کے بھر دیں۔ جواب پر ایک بار نشان لگانے کے بعد اُسے تبدیل نہیں کیا جا سکتا۔

3. امیدوار کو اچھی طرح دیکھ لینا چاہیے کہ جوابی شیٹ موڑی نہ گئی ہو۔ جوابی شیٹ پر کسی قسم کا کوئی نشان نہ چھوڑیں، جوابی شیٹ میں نشان زد کی جگہ کے علاوہ اپنا رول نمبر کہیں دوسری جگہ نہ لکھیں۔

4. سوالنامے اور جوابی شیٹ کو احتیاط سے استعمال کریں، دوسری جوابی شیٹ کسی بھی حال میں (سوائے سوالنامہ کوڈ یا نمبر اور جوابی شیٹ کے کوڈ یا نمبر کے فرق کے) نہیں دی جائے گی۔

5. امیدوار حاضری کے کاغذ پر، جوابی شیٹ / سوالنامے میں دیے گئے کوڈ کو بالکل درست اور اسی طرح لکھیں جس طرح وہ سوالنامے میں لکھا گیا ہے۔

6. OMR جوابی شیٹ میں بھری ہوئی معلومات کو ایک مشین کے ذریعے پڑھا جائے گا۔ کوئی بھی معلومات داخلہ کا دور میں دی گئی معلومات سے مختلف نہ ہو اور ادھوری نہ ہوں۔

7. امیدوار کو اپنے داخلہ کارڈ کے علاوہ کسی بھی قسم کا درسی مواد، چھپا ہوا یا لکھا ہوا کاغذ کا ٹکڑا، موبائل فون، پیجر، الیکٹرونک آلات امتحان ہال میں لانے کی اجازت نہیں ہوگی۔

8. امیدوار کو موبائل فون، وائرلیس کمیونی کیشن کے ڈوائسوں کو امتحان ہال کے کمروں میں لانے کی اجازت نہیں ہوگی۔ امیدوار کو ان کے مفاد میں یہ صلاح دی جاتی ہے کہ وہ اپنے پاس موبائل فون یا کسی دوسرے کمیونی کیشن کو سوئچ آف کر کے بھی اپنے پاس نہ رکھیں۔ ان ہدایت پر عمل نہ کرنے پر امتحان ہال میں غیر مناسب ذرائعوں کا استعمال سمجھا جائے گا اور ان کے خلاف کاروائی کی جائے گی، ان امیدواروں کے امتحان کو ردّ بھی کیا جا سکتا ہے۔

9. امیدوار کو نگراں کے مانگنے جانے پر اپنا داخلہ کارڈ دکھانا ہوگا۔

10. سینٹر سپرنٹنڈنٹ یا نگراں کی اجازت کے بغیر کوئی امیدوار اپنی جگہ نہیں چھوڑے گا۔

11. امیدوار جوابی شیٹ ہال میں موجود نگراں کے سپرد کئے بغیر یا حاضری پر دوبارہ دستخط کئے بغیر کمرے / ہال سے باہر نہیں نکلیں گے۔ اگر امیدوار حاضری کے کاغذ پر دوبارہ دستخط نہیں کرتا تو اس کا مطلب یہ لیا جائے گا کہ اس نے جوابی شیٹ جمع نہیں کرائی اور اسے غیر قانونی ذرائع کا استعمال سمجھا جائے گا۔ **امیدوار اپنے بائیں ہاتھ کے انگوٹھے کا نشان حاضری کے کاغذ پر دی گئی جگہ میں لگائیں۔**

12. الیکٹرونک / ہاتھ کے کیلکو لیٹر کا استعمال ممنوع ہے۔

13. امیدوار کمرۂ امتحان میں، بورڈ کے اصول وضوابط کے پابند ہوں گے۔ غیر قانونی ذرائع کے استعمال کے تمام معاملات سے بورڈ کے اصول وضوابط کے تحت ہی نپٹا جائے گا۔

14. سوالنامے یا شیٹ کا کوئی حصّہ کسی بھی وجہ سے سوالنامے / جوابی شیٹ سے الگ نہیں کیا جائے گا۔

15. **امتحان ختم ہونے پر امیدواروں کو جوابی شیٹ ڈیوٹی پر موجود نگراں کے سُپرد کرنی ہوگی۔ امیدوار کو سوال نامہ اپنے ساتھ لے جانے کی اجازت ہوگی۔**

## निम्नलिखित निर्देशों को ध्यान से पढ़ें :

1. जिस प्रकार से विभिन्न प्रश्नों के उत्तर दिए जाने हैं उसका वर्णन परीक्षा पुस्तिका में किया गया है, जिसे आप प्रश्नों का उत्तर देने से पहले ध्यान से पढ़ लें।
2. प्रत्येक प्रश्न के लिए दिए गए चार विकल्पों में से सही उत्तर के लिए OMR उत्तर पत्र के **पृष्ठ-2** पर केवल एक वृत्त को ही पूरी तरह **नीले/काले बॉल पॉइन्ट पेन** से भरें। एक बार उत्तर अंकित करने के बाद उसे बदला नहीं जा सकता है।
3. परीक्षार्थी सुनिश्चित करें कि इस उत्तर पत्र को मोड़ा न जाए एवं उस पर कोई अन्य निशान न लगाएँ। परीक्षार्थी अपना अनुक्रमांक उत्तर-पत्र में निर्धारित स्थान के अतिरिक्त अन्यत्र न लिखें।
4. परीक्षा पुस्तिका एवं उत्तर पत्र का ध्यानपूर्वक प्रयोग करें, क्योंकि किसी भी परिस्थिति में (केवल परीक्षा पुस्तिका एवं उत्तर पत्र के कोड या संख्या में भिन्नता की स्थिति को छोड़कर) दूसरी परीक्षा पुस्तिका उपलब्ध नहीं करायी जाएगी।
5. परीक्षा पुस्तिका/उत्तर पत्र में दिए गए परीक्षा पुस्तिका कोड व संख्या को परीक्षार्थी सही तरीके से उपस्थिति-पत्र में लिखें।
6. OMR उत्तर पत्र में कोडित जानकारी को एक मशीन पढ़ेगी। इसलिए कोई भी सूचना अधूरी न छोड़ें और यह प्रवेश-पत्र में दी गई सूचना से भिन्न नहीं होनी चाहिए।
7. परीक्षार्थी द्वारा परीक्षा हॉल/कक्ष में प्रवेश-पत्र के सिवाय किसी प्रकार की पाठ्य-सामग्री, मुद्रित या हस्तलिखित, कागज़ की पर्चियाँ, पेजर, मोबाइल फोन, इलेक्ट्रॉनिक उपकरण या किसी अन्य प्रकार की सामग्री को ले जाने या उपयोग करने की अनुमति नहीं है।
8. मोबाइल फोन, बेतार संचार युक्तियाँ (स्विच ऑफ अवस्था में भी) और अन्य प्रतिबंधित वस्तुएँ परीक्षा हॉल/कक्ष में नहीं लाई जानी चाहिए। इस सूचना का पालन न होने पर इसे परीक्षा में अनुचित साधनों का प्रयोग माना जाएगा और परीक्षार्थी विरुद्ध कार्यवाही की जाएगी, परीक्षा रद्द करने सहित।
9. पूछे जाने पर प्रत्येक परीक्षार्थी, निरीक्षक को अपना प्रवेश-पत्र दिखाएँ।
10. केन्द्र अधीक्षक या निरीक्षक की विशेष अनुमति के बिना कोई परीक्षार्थी अपना स्थान न छोड़ें।
11. कार्यरत निरीक्षक को अपना उत्तर पत्र दिए बिना एवं उपस्थिति-पत्र पर दुबारा हस्ताक्षर किए बिना परीक्षार्थी परीक्षा हॉल/कक्ष नहीं छोड़ेंगे। यदि किसी परीक्षार्थी ने दूसरी बार उपस्थिति-पत्र पर हस्ताक्षर नहीं किए, तो यह माना जाएगा कि उसने उत्तर पत्र नहीं लौटाया है और यह अनुचित साधन का मामला माना जाएगा। **परीक्षार्थी अपने बाएँ हाथ के अंगूठे का निशान उपस्थिति-पत्र में दिए गए स्थान पर अवश्य लगाएँ।**
12. इलेक्ट्रॉनिक/हस्तचालित परिकलक का उपयोग वर्जित है।
13. परीक्षा हॉल/कक्ष में आचरण के लिए परीक्षार्थी परीक्षण संस्था के सभी नियमों एवं विनियमों द्वारा नियमित हैं। अनुचित साधनों के सभी मामलों का फैसला परीक्षण संस्था के नियमों एवं विनियमों के अनुसार होगा।
14. किसी भी परिस्थिति में परीक्षा पुस्तिका और उत्तर पत्र का कोई भाग अलग न करें।
15. **परीक्षा सम्पन्न होने पर, परीक्षार्थी हॉल/कक्ष छोड़ने से पूर्व उत्तर पत्र निरीक्षक को अवश्य सौंप दें।** ***परीक्षार्थी अपने साथ इस परीक्षा पुस्तिका को ले जा सकते हैं।***

## READ THE FOLLOWING INSTRUCTIONS CAREFULLY :

1. The manner in which the different questions are to be answered has been explained in the Test Booklet which you should read carefully before actually answering the questions.
2. Out of the four alternatives for each question, only one circle for the correct answer is to be darkened completely with **Blue / Black Ball Point Pen** on **Side-2** of the OMR Answer Sheet. The answer once marked is not liable to be changed.
3. The candidates should ensure that the Answer Sheet is not folded. Do not make any stray marks on the Answer Sheet. Do not write your Roll No. anywhere else except in the specified space in the Answer Sheet.
4. Handle the Test Booklet and Answer Sheet with care, as under no circumstances (except for discrepancy in Test Booklet Code or Number and Answer Sheet Code or Number), another set will be provided.
5. The candidates will write the correct Test Booklet Code and Number as given in the Test Booklet/Answer Sheet in the Attendance Sheet.
6. A machine will read the coded information in the OMR Answer Sheet. Hence, no information should be left incomplete and it should not be different from the information given in the Admit Card.
7. Candidates are not allowed to carry any textual material, printed or written, bits of papers, pager, mobile phone, electronic device or any other material except the Admit Card inside the examination hall/room.
8. Mobile phones, wireless communication devices (even in switched off mode) and the other banned items should not be brought in the examination halls/rooms. Failing to comply with this instruction, it will be considered as using unfair means in the examination and action will be taken against the candidate including cancellation of examination.
9. Each candidate must show on demand his/her Admit Card to the Invigilator.
10. No candidate, without special permission of the Centre Superintendent or Invigilator, should leave his/her seat.
11. The candidates should not leave the Examination Hall/Room without handing over their Answer Sheet to the Invigilator on duty and sign the Attendance Sheet twice. Cases where candidate has not signed the Attendance Sheet second time will be deemed not to have handed over the Answer Sheet and dealt with as an unfair means case. **The candidates are also required to put their left hand THUMB impression in the space provided in the Attendance Sheet.**
12. Use of Electronic/Manual Calculator is prohibited.
13. The candidates are governed by all Rules and Regulations of the Examining Body with regard to their conduct in the Examination Hall/Room. All cases of unfair means will be dealt with as per Rules and Regulations of the Examining Body.
14. No part of the Test Booklet and Answer Sheet shall be detached under any circumstances.
15. **On completion of the test, the candidate must hand over the Answer Sheet to the Invigilator in the Hall / Room.** ***The candidates are allowed to take away this Test Booklet with them.***